**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
**Central Media Department**

# ملک بھر میں بدترین مہنگائی، بجلی کے بلوں کے خلاف ملک گیر احتجاج، ڈالر کی بے قابو پرواز اور سٹاک مارکیٹ کا کریش

31 اگست 2023

- پاکستان تحریک انصاف کا ملک میں معاشی تباہی کے ذمہ دار رجیم چینج سازش کے کلیدی کرداروں کے محاسبے کا مطالبہ
- معیشت اور عوام پر اترنے والی قیامت کے ذمہ دار منتخب جمہوری حکومت کے خلاف سازش کرنے والے کردار ہیں۔
- وزیراعظم عمران خان کی حکومت نے کورونا وبا، عالمی مہنگائی، تیل کے عالمی منڈی میں بلند ترین نرخوں اور آئی ایم ایف کی کڑی شرائط کے باوجود عوام کو مہنگائی کے طوفان سے محفوظ رکھا۔
- وزیراعظم عمران خان کی مؤثر معاشی پالیسیوں کے سبب معیشت 6 فیصد کی سالانہ شرح سے ترقی کی راہ پر گامزن جبکہ برآمدات، زراعت، ترسیلات زر اور ٹیکسوں کی وصولی سمیت تمام معاشی شعبے بہتری کی جانب گامزن تھے۔
- وزیراعظم عمران خان اور وزیر خزانہ شوکت ترین نے رجیم چینج سازش کے منصوبہ سازوں کو معیشت کی حساسیت سے بروقت آگاہ کیا تھا۔
- وزیراعظم عمران خان نے واضح طور پر متنبہ کیا تھا کہ نہایت مشکل حالات میں سنبھالی گئی معیشت کو غیر مستحکم کیا گیا تو صورتحال بے قابو ہو جائے گی۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- بد قسمتی سے بند کمروں کی سازشوں کے نتیجے میں آئین، جمہوریت اور معیشت پر تاریخ کا سب سے بھیانک شب خون مارا گیا۔
- نالائقوں اور مجرموں کو عوام کے معاشی قتلِ عام کی آزادی دی گئی۔
- پچھلے 16 ماہ میں بے روزگاری 75 سال کی ریکارڈ سطح تک پہنچ چکی ہے۔
- ان 16 ماہ میں 2 کروڑ سے زیادہ لوگ خطِ غربت سے نیچے دھکیل دیے گئے۔
- مہنگائی کی شرح تحریک انصاف کے دور کے 12.2 فیصد سے بڑھتی ہوئی 38 فیصد کی بلند ترین سطح تک جا پہنچی۔
- اشیائے خورونوش کی مہنگائی تحریک انصاف کے دور کے 14.8 فیصد سے بلند ہوتی ہوئی ناقابلِ تصور 50 فیصد تک پہنچی۔
- 16 مہینوں میں ملک پر 20 کھرب روپے کے قرض کا اضافی بوجھ ڈال دیا گیا۔
- برآمدات اور ترسیلاتِ زر کی مد میں ایک سال میں مجموعی طور پر 8.3 ارب ڈالر تک کا نقصان کیا گیا۔
- تحریک انصاف کے دور میں ملنے والا 150 روپے فی لیٹر پٹرول آج 291 روپے میں فروخت کیا جارہا ہے۔
- تحریک انصاف کے دور میں تمام ٹیکسز سمیت بجلی کی فی یونٹ قیمت 16 روپے تھی۔
- مجرموں کی حکومت کے 16 ماہ کے بعد آج بجلی کا ایک یونٹ اوسطاً 50 روپے کی ناقابلِ ادائیگی سطح تک پہنچا دیا گیا ہے اور اس میں مسلسل اضافہ جاری ہے۔

- تیزی سے تباہی کی بھینٹ چڑھتی معشیت کو سنبھالنے یا عوام سے تاریخی مہنگائی کا بوجھ کم کرنے کی بجائے میڈیا پر ظالمانہ اور غیر آئینی سینسر شپ کے ذریعے حقیقت کو جھٹلانے کی کوششیں جاری ہیں۔
- پوری قوم رجیم چینج سازش کے کرداروں اور باقیات کے ہاتھوں ناقابلِ تصور معاشی تباہی کے خلاف سراپا احتجاج ہے۔
- عوام کے ووٹ کے ذریعے بحران کے مؤثر حل کی راہ ہموار کرنے کی بجائے غیر آئینی اور غیر جمہوری کوششوں کے ذریعے معاملات کی سنگینی اور گھمبیرتا میں اضافہ کیا جارہا ہے۔
- کسی غیر آئینی و غیر جمہوری منصوبے کو پروان چڑھانے کی بجائے الیکشن کمیشن 90 روز کی آئینی مدت کے اندر صاف شفاف انتخابات کے ذریعے عوامی مینڈیٹ کی حامل حکومت کو اختیارات کا انتقال یقینی بنائے۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk